بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# Federal Shariat Court

Islamabad 08.04.2025


ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن

سینئر ریسرچ ایڈوائزر،

فون نمبر 051-9203443


## پریس و میڈیا ریلیز

اسلام آباد ـ آج مورخہ ۸ اپریل ۲۰۲۵ء کو بوقت ۱۱:۳۰ بجے دن، وفاقی شرعی عدالت، پاکستان کی ایک فل کورٹ میٹنگ عزت مآب جناب چیف جسٹس اقبال حمید الرحمٰن کی سربراہی میں منعقد ہوئی۔ اجلاس میں جناب جسٹس ڈاکٹر سید محمد انور اور جناب جسٹس امیر محمد خان شریک ہوئے۔ اجلاس یک نقاطی ایجنڈے پر مشتمل تھا کہ ملک کے تمام صوبوں میں حدود قوانین بالخصوص ڈکیتی/حرابہ اور اس سے متعلق جرائم کے اندراج کے متعلق معلوم کیا جاسکے۔

فل کورٹ نے غور و خوض کے بعد فیصلہ کیا کہ ملک کے چاروں صوبوں کے انسپکٹر جنرل آف پولیس بشمول وفاق سے متعلقہ معلومات حاصل کی جائیں۔ معزز فل کورٹ نے مزید ہدایات دیں کہ مذکورہ ڈیٹا ۳۰ دنوں کے اندر اندر مہیا کیا جائے تاکہ فل کورٹ کے آنے والے اجلاس بتاریخ ۱۳ مئی ۲۰۲۵ء کو زیر غور لایا جاسکے۔

(ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن)

سینئر ریسرچ ایڈوائزر

CamScanner